پریس ریلیز

شیل پاکستان نے سال 2021 کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا

کراچی، 16 مارچ، 2022: شیل پاکستان لمیٹڈ (ایس پی ایل) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے مورخہ 31 دسمبر، 2021ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے جس کے مطابق کمپنی نے سنہ 2021ء کے دوران 4,466 ملین روپے بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا ہے جبکہ گزشتہ برس، سنہ 2020ء میں 4,821 ملین روپے نقصان ہوا تھا۔

سنہ 2021ء میں نمایاں ریکوری دیکھی گئی جس سے بعد از ٹیکس منافع حاصل ہوا اگرچہ یہ ایک مشکل سال تھا۔ اس حوصلہ افزا تبدیلی کی وجہ حکومت کا قیمتوں کے فارمولے میں پلیٹس انڈیکسز (Platts indexes) کی جانب منتقلی کا اقدام تھا جو بین الاقوامی پرائسنگ سے مطابقت رکھتا ہے اور اُسی کے ساتھ کاروباری کارکردگی میں بہتری، متفرق ایندھن اور لیوبریکنٹس کی فروخت اور فیول کے آپریٹنگز کی محفوظ اور عمدہ کارکردگی شامل تھے۔ اس کے علاوہ، سال کے آغاز میں، حصص یافتگان نے رائٹ ایشو بھی مکمل طور پر سبسکرائب کیا جس نے کاروباری منصوبوں کو مالی اعانت فراہم کی۔

سنہ 2021ء کے دوران، لیوبریکنٹس کے کاروبار میں، گزشتہ برس کے مقابلے میں نمایاں اضافہ ہوا۔ ہیلتھ اینڈ نیوٹریشن ڈیولپمنٹ سوسائٹی (HANDS)، کے تعاون سے کراچی، لاہور اور ملتان کے اطراف آبادیوں میں اور ریٹیل اسٹیشنوں پر کسٹمرز کے لیے کووڈ-19 کے خلاف ایک مہم بھی چلائی گئی جس کے دوران موبائل ویکسی نیشن یونٹس استعمال کیے گئے۔

شیل پاکستان اپنے مسابقتی کاروباری منصوبوں پر توجہ برقرار رکھے گا تاکہ اعلیٰ معیار کی کاروباری کارکردگی کا مظاہرہ کر سکے اور توانائی کے حوالے سے پاکستان کے مستقبل کے لیے اہم کردار ادا کر سکے۔

☆☆☆